تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

December,22 2023

پریس ریلیز

’ترقی یافتہ بھارت ایٹ دی ریٹ ٹوینٹی فورٹی سیون: وائس آف یوتھ‘ کے زیراہتمام مشیر فاطمہ نرسری اسکول جامعہ ملیہ اسلامیہ میں سالانہ کھیل کود ڈے کا انعقاد

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے مشیر فاطمہ نرسری اسکول نے آج سالانہ اسپورٹ ڈے کا اہتمام کیا۔نرسری اور کے جی کے بچوں نے ساتھ مل کر ’ترقی یافتہ بھارت ایٹ دی ریٹ فورٹی سیون: وائس آف یوتھ‘ کی مہم کے تحت متعدد مزے دار دوڑ اور توانائی کی مشق کو انجام دیا۔

پروگرام کے مہمان خصوصی پروفیسر اقبال حسین، کارگزار شیخ الجامعہ جامعہ ملیہ اسلامیہ اور مہمان اعزازی پروفیسر سارہ بیگم، ڈین فیکلٹی آف ایجوکیشن، جامعہ ملیہ اسلامیہ تھیں۔اس موقع پر یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات کے معزز اہل کار، یونیورسٹی کے زیرانتظام تمام اسکولوں کے پرنسپلز اور سربراہ بھی موجود تھے۔

پروفیسر اقبال حسین نے اس موقع پر بصیرت افروز گفتگو کی۔انھوں نے پروگرام میں موجود والدین سے زور دے کر کہا کہ وہ بچوں کا تعاون کریں اور مستقبل میں بھی ان کی سرپرستی اور ان کے ساتھ تعاون کا معاملہ رکھیں۔

انھوں نے اسکول کی صدر مدرس محترمہ رخسانہ پروین اور اسکول کے اساتذہ کی ستائش کی جن کے اجتماعی کوششوں اور خلوص سے ایسا کامیاب پروگرام منعقد ہوسکا ہے۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی